# مدنی پھول برائے ہفتہ
# دعائے صحت

## (عالمی مجلس مشاورت)

2017

اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُبِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم ط بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ط

# فہرست



| نمبر شمار | مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز | صفحات نمبر | کل صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | مدنی پھول برائے دُعائے صحت | 1تا2 | 2 |
| 2 | ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو update کرنے والے مدنی پھول ہفتہ دعائے صحت اجتماع | 3 | 1 |
| 3 | اجتماع دعائے صحت کی اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر تشہیر | 4 | 1 |
| 4 | ہفتہ دُعائے صحت سے متعلق ترغیبی اعلان | 5 | 1 |
| 5 | جدول برائے دعائے صحت اجتماع | 6تا7 | 2 |
| ☆ | دعائے صحت اجتماع والے دن کے اعلانات | 8 | 1 |
| ☆ | بیماروں کے لئے دُعائیہ اشعار | 9 | 1 |
| ☆ | متفرق رُوحانی علاج | 10 | 1 |

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# مَدَنی پھول برائے ہفتہ دُعائے صحت ﴿عالمی مجلس مشاورت﴾

رسولِ پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر　　مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ

(وسائلِ بخشش ص 99)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ!**

آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دکھیاری امّت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام بیماروں کی عیادت اور دُعاؤں کے لئے **ہفتہ دُعائے صحت** منایا جارہا ہے۔ جس میں بالخصوص شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی صحت یابی کے لئے اور بالعموم ہر بیمار مسلمان کی شفایابی کے لئے 19 تا 25 8 تا 14 ستمبر 2017 خصوصیت کے ساتھ دُعاؤں اور عیادت کا سلسلہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم "نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ" مُسلمان کی نیّت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔

(اَلْمُعْجَمُ الْکَبِیْر لِلطّبرانی ج ۶ ص ۱۸۵ حدیث ۵۹۴۲)

لٰہذا اہتمام ذمہ دار اسلامی بہنیں یہ نیت کرتی رہیں کہ **ہفتہ دُعائے صحت** میں نہ صرف خود حصہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس مَدَنی کام کی ترغیب دلائیں گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ!

یادرہے کہ! "**مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے**"

(شوریٰ و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013)

﴿1﴾ مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے صحت" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمّہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمّہ داران کو یہ بتادیں کہ!

☆ مدنی مشورے کا دورانیہ 2 گھنٹے ہوگا۔

☆ مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔

(بہتر ہے کہ ترکیب معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں ہی بنالی جائے)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی ذمّہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمّہ داران اور کابینہ ذمّہ داران براہِ راست علاقائی مشاورت ذمّہ داران کو (شرعی سفر ہونے کی صورت میں بذریعہ فون) اور علاقائی مشاورت ذمّہ داران حلقہ و ذیلی ذمّہ داران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز سمجھائیں۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمّہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ آئندہ اس میں حسب ضرورت ہونے والی ترمیم کو غوشیہ رنگ سے انڈر لائن کے ذریعے واضح کر دیا جائے گا۔

☆ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو " مدنی پھول برائے ہفتہ دائے صحت اجتماع " صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسب ضرورت) لفافے میں ڈال کر جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو دیں۔

﴿3﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو "**ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو up date کرنے والے مدنی پھول دُعائے صحت اجتماع**" post / mail کروادیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ عطاری کابینات کی کابینات ذمہ دار اسلامی بہن اگست کے دوسرے ہفتے میں دعائے صحت اجتماع سے متعلقہ کتب و رسائل (جس کا ذکر آگے آرہا ہے) جتنی تعداد میں ضرورت ہو اس نمبر 0321-3364583 پر آرڈر بک کروائیں جب کہ عطاری کابینات کے علاوہ پاکستان کی دیگر کابینات ذمہ داران اس نمبر 0311-2526020 پر رابطہ فرمائیں اور بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں اپنے ملکی کابینہ کے نگران کے ذریعے ترکیب بنائیں یا پھر اس I.D پر رابطہ کریں۔

maktaba.ibn@dawateislami.net

﴿5﴾ عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اگست کے دوسرے ہفتے " **اجتماع دعائے صحت کی اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر تشہیر** " نگرانِ مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو ان الفاظ کے ساتھ کہ " اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر up load کروادیجئے۔" میل کروادیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)


www.dawateislami.net

☆ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت مَدَنی پھول برائے ہفتہ دُعائے صحت" اپنی ماتحت ذمہ داران کے ساتھ ساتھ ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں، مختلف شعبہ جات جامعۃالمدینہ (للبنات)، مدرسۃالمدینہ (للبنات)، مدرسۃالمدینہ آن لائن (للبنات)، دارالمدینہ (للبنات) وغیرہ تک پہنچائیں تاکہ بہتر انداز میں ان مَدَنی پھولوں کا نفاذ کیا جاسکے۔

## ہفتہ دُعائے صحت کی ترکیب

﴿1﴾ 8 تا 14 ستمبر 25 2017 کے درمیان کسی بھی دن ہر سطح کی مجلس مشاورت ذمہ داران مع شعبہ مشاورتیں اپنے زیرِ حدود علاقوں میں انفرادی طور پر بیمار پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں اور جن ذمہ دار اسلامی بہنوں کے اپنے گھروں میں والدہ، بہن، بھابھی، بچوں کی دادی، نانی بہن، بچوں کی پھوپھی، بھابھی، بچوں کی چاچی، نانی، دادی وغیرہ اگر بیمار ہوں تو اللہ تَعَالٰی کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ عیادت کے لئے جائیں۔

☆ذیلی حلقہ تا علاقہ مجلس علاقائی مشاورت ذمہ دارن مع شعبہ مشاورتیں قبل از وقت آپس میں یہ طے کرلیں کہ کون کہاں، کس کی عیادت کے لئے جائیں گی؟

☆بہتر ہے کہ 19 منٹ سے زائد کسی ایک گھر میں وقت نہ دیا جائے۔

☆عیادت کے دوران پُر تکلّف دعوت یا کھانے وغیرہ کا اہتمام ہو تو احسن طریقے سے معذرت کرلی جائے۔ چائے، پانی مشروب وغیرہ پینے میں حرج نہیں۔

﴿2﴾ اراکینِ عالمی مجلس مشاورت مع اراکین مجلس بیرونِ ممالک اپنے اپنے ملکوں / شعبوں سے وابستہ بیرونِ ممالک کی ذمہ داران (جو بیمار ہوں) کی بذریعہ اسکائپ / WhatsApp عیادت کی ترکیب بنائیں نیز ممکنہ صورت میں اپنی رہائشی کابینہ علاقوں میں بالمشافہ عیادت ہو تو مدینہ مدینہ ---

﴿3﴾ مجلس رابطہ ذمّہ داران چھوٹے بڑے اہسپتال، کلینک وغیرہ جہاں دعوتِ اسلامی کا مَدَنی کام ہے پردے کی رعایت کے ساتھ بیماروں کی عیادت اور ان کے لئے خصوصی دُعاؤں کی ترکیب بنائیں۔

﴿4﴾ عیادت سے قبل ہر اسلامی بہن مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ **"نہر کی صدائیں"** میں صفحہ 19 تا 23 پر موجود عیادت کے مَدَنی پھول کا اچھی طرح مطالعہ فرمائیں۔

﴿5﴾ 19 تا 25 اگست 8 تا 14 ستمبر 2017 سے پہلے والے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور تربیتی حلقوں میں **"ہفتہ دُعائے صحت سے متعلق ترغیبی اعلان"** بھی معمول کے اعلانات میں شامل کرلیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ 19 تا 25 اگست 8 تا 14 ستمبر 2017 کے دوران آنے والے تربیتی حلقوں میں بھی بیماروں کے لئے دُعائیں مانگی جائیں۔

﴿6﴾ 19 تا 25 اگست 8 تا 14 ستمبر 2017 کے درمیان آنے والے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں **"جدول برائے دُعائے صحت اجتماع"** مع ریکارڈ پیپرز کے مطابق ترکیب بنائی جائے۔ (یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿7﴾ ممکنہ صورت میں صورت میں "دُعائے صحت اجتماع" میں **"دُعائے صحت اجتماع"** کا سادہ بینر بھی لگایا جائے۔ بینر کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں۔

**دعائے صحت اجتماع**

تو سارے مریضوں کو اللہ شفاء دے دے

اچھا ہے فقط وہ جو بیمارِ مدینہ ہے

**" یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! میرے سوہنے سوہنے مُرشدِ کامل کو شفائے کاملہ عطا فرما۔"**

﴿8﴾ "دُعائے صحت اجتماع" میں درج ذیل کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ (للبنات) پر زیادہ تعداد میں رکھے جائیں اور زیادہ سے زیادہ تقسیمِ رسائل کی ترکیب بھی بنائی جائے۔

**کتب ورسائل**: * مَدَنی پنج سورہ * گھریلو علاج * نہر کی صدائیں * چڑیا اور اندھا سانپ * زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی * بیمار عابد * 40 روحانی علاج * مینڈک سُوار بچھّو * یہ وقت بھی گزر جائے گا۔

﴿9﴾ دُعائے صحت اجتماع میں جہاں ممکن ہو تو **تعویذاتِ عطاریہ** کا بستہ بھی لگایا جائے اور بعدِ اجتماع 26 منٹ تعویذات دینے کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿10﴾ دُعائے صحت اجتماع میں علاقے کی بہترین مبلغات اور حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ مشاورتوں کے بیان کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿11﴾ دُعائے صحت اجتماع میں **مَدَنی عطیات بکس** نمایاں جگہ پر رکھا جائے۔

﴿12﴾ جہاں شرکاء اجتماع کی تعداد 63 متوقع ہو وہاں **مجلس حفاظتی اُمور** مقرر کی جائیں۔

﴿13﴾ علاقے کے تحت چلنے والے مدرسۃ المدینہ (للبنات) میں پڑھنے والی مدنی منیوں کی والداؤں کو بھی " دُعائے صحت اجتماع" میں شرکت کی ترغیب دلائی جائے۔



www.dawateislami.net

اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُبِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم ط بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ط

# ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو up date کرنے والے مدنی پھول

رسولِ پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر
مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ
(وسائلِ بخشش ص 99)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وَاٰلِہٖ وسلم کی دکھیاری امّت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام بیماروں کی عیادت اور دعاؤں کے لئے " ہفتہ دعائے صحت " منایا جارہا ہے۔

جس میں بالخصوص شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی صحت یابی کے لئے 8 تا 14 ستمبر 2017 خصوصیت کے ساتھ دعاؤں اور عیادت کا سلسلہ ہو گا۔

اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَ ☆

## ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں

نیت فرمالیں کہ دعائے صحت اجتماع کے مدنی کاموں میں نہ صرف خود حصّہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں گے۔

اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَ

☆ شعبہ مشاورتیں اپنے زیرِ حدود علاقوں میں انفرادی طور پر بیمار پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں اور جن ذمّہ داران کے اپنے گھروں میں والدہ، بہن، بھابھی، بچوں کی دادی، نانی، چاچی، پھوپھی وغیرہ اگر بیمار ہوں تو اللہ کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ عیادت کے لئے جائیں۔

☆ مجلس رابطہ ذمّہ داران چھوٹے بڑے ہسپتال، کلینک وغیرہ جہاں دعوتِ اسلامی کا مدنی کام ہے، پردے کی رعایت کے ساتھ بیماروں کی عیادت اور ان کے لئے دعاؤں کی ترکیب بنائیں۔

☆ عیادت سے قبل ہر اسلامی بہن مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ " نہر کی صدائیں " میں صفحہ 19 تا 23 پر، وجود عیادت کے مدنی پھول کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں۔

## عالمی مجلس مشاورت

﴿ دعوتِ اسلامی ﴾

*

www.dawateislami.net

اَلحَمدُللهِ رَبِّ العٰلَمِين وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَا مُ عَلٰی سَيِّدِالمُرسَلِين اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُبِاللهِ مِنَ الشَّيطٰنِ الرَّجِيم ط بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيم ط

# اجتماع دعائے صحت کی اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر تشہیر

رسولِ پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر  
مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ

(وسائلِ بخشش ص 99)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وَاٰلِہٖ وسلم کی دکھیاری امّت کی غم خواری اور دل جُوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام بیماروں کی عیادت اور دعاؤں کے لئے ذیلی سطح پر

## "اجتماع دعائے صحت"

ماہِ ستمبر کے دوسرے ہفتے منعقد کیا جارہا ہے۔

اسلامی بہنیں اپنے ذیلی حلقے میں ہونے والے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع والے دن اُسی مقام پر ہونے والے **دعائے صحت اجتماع** میں ضرور شرکت فرمائیں۔

## اجتماع کی خصوصیات

☆ بیماری کے فضائل پر مشتمل بیان

☆ عیادت کے مدنی پھول

☆ متعدد روحانی علاج

☆ اجتماعی طور پر "یَا سَلَامُ" کا ورد

☆ بیماروں کے لئے اجتماعی خصوصی دعا

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ہفتہ دُعائے صحت سے متعلق ترغیبی اعلان

مَدَنی پھول: دُعائے صحت اجتماع سے قبل والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور تربیتی حلقوں میں معمول کے اعلانات کے دورانیہ میں ایڈجیسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات شامل کئے جائیں۔

پیاری پیاری اور میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!

آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دکھیاری اُمّت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے اور امیر اہلسنت کی صحت کے لئے کے تحت دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ "**ہفتہ دُعائے صحت**" منایا جارہا ہے جس کے تحت میں بیماروں کی عیادت اور ان کے لئے دُعائے صحت کا سلسلہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ! اس کا آغاز 19 8 ستمبر سے ہوگا اور پورا ہفتہ یعنی 25 14 ستمبر تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ آپ سے مَدَنی التجاء کہ آپ کے پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں، جان پہچان والوں میں اگر کوئی بیمار ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ان کی عیادت کو جائیں۔

آیئے! عیادت کرنے کی فضیلت بھی ہاتھوں ہاتھ سماعت کرتے ہیں۔ فرمالیجئے۔

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: "جو شَخْص کسی مریض کی عِیادت کو جاتا ہے تو آسمان سے ایک مُنادی نِدا کرتا ہے: تجھے بِشارت (یعنی خوشخبری) ہو تیرا چلنا اچّھا ہے اور تُو نے جنّت میں ایک منزل کو اپنا ٹھکانہ بنالیا۔" (ابنِ ماجہ ج2 ص192 حدیث 1443) (نیکی کی صدائیں ص 19)

آیئے! نیت کرتے ہیں کہ حدیث پاک میں وارد اس خوشخبری کو پانے کے لئے بیماروں کی عیادت کریں گے۔ اِنْ شَآءَاللہ الرّحمٰن

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! آپ سب کے لئے ایک خوشخبری ہے کہ "**ہفتہ دُعائے صحت**" مناتے ہوئے آیندہ ہفتے اسی جگہ، اسی مقام، اسی وقت پر دُعائے صحت اجتماع کا انعقاد ہوگا۔ اِنْ شَآءَاللہ الرّحمٰن

اس اجتماع کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں بیماری کے فضائل، بیماری بہت بڑی نعمت ہے، بیماری میں صبر کرنے کی فضیلت، 6 طرح کی بیماریوں میں مرنے والا بھی شہید ہے، بیماری سے متعلق متعدد حکایات، روایات اور بہت کچھ نیز ساتھ ہی ساتھ عیادت کرنے کے مَدَنی پھول بھی بیان کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ کئی بیماریوں کے روحانی علاج نہ صرف بیان کئے جائیں گے بلکہ یاد کروانے کے ساتھ ساتھ آخر میں یہ پیپر تقسیم بھی کئے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ 111 بار یَاسَلَامُ کا ورد بھی کروایا جائے گا،

آپ میں سے جس سے ہوسکے آیندہ ہفتے اجتماع میں اپنے ساتھ تسبیح یا کاونٹر ساتھ لائیں۔

اِنْ شَآءَاللہ الرّحمٰن! امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی صحت یابی اور دنیا میں جہاں کہیں بھی مسلمان بیمار ہیں ان کی شفایابی کے لئے خصوصی دُعائیں مانگی جائیں گی۔۔۔ آیئے! نیت کرتے ہیں کہ پابندی وقت کے ساتھ ضرور بہ ضرور اس دُعائے صحت اجتماع میں شرکت کریں گے اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی دعوت دے کر اپنے ساتھ لائیں گے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# جدول برائے دُعائے صحت اجتماع

| نمبر شمار | شعبہ | دورانیہ | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 1 | تلاوت | 2 منٹ | ------- |
| 2 | نعت شریف | 4 منٹ | ------- |
| 3 | درس | 7 منٹ | معمول کے مطابق جو موضوع ہو وہی بیان کیا جائے۔ |
| 4 | بیان مع سُنّت اور درود پاک | 55 منٹ | ☆بیان کا موضوع: "بیماری کے فضائل"۔☆رسالہ "بیمار عابد" صفحہ 1 تا 24 سے بیان کیا جائے۔ نیز ممکنہ صورت میں حسبِ موقع کتاب "تکلیف نہ دیجئے" کہ صفحہ نمبر 38 تا 39 سے بھی حکایت شامل کی جائے۔ ☆**مبلغہ کے لئے ہدایات:** * بیان سے قبل معمول کے مطابق بیان سے قبل کی نیتیں کروائی جائیں، دیئے گئے صفحات کا کم از کم 3 بار مطالعہ کیا جائے * بیان کے آخر میں رسالہ "نہر کی صدائیں" صفحہ 19 تا 23 پر موجود عیادت کے 31 مَدَنی پھول بیان کئے جائیں۔ "عیادت کے مدنی پھول" وہ مدنی پھول شامل نہ کیئے جائیں جو بیان میں آچکے ہوں۔ |
| 5 | متفرق رُوحانی عِلاج یاد کروانا | 7 منٹ | ☆معمول کے مطابق "دُعا یاد کروانا" کی جگہ کروائی جائے خزینہ رحمت سے " مریض کی عیادت کرتے وقت کی دعا" اور حسبِ موقع متفرق رُوحانی عِلاج" کی مدد سے رُوحانی عِلاج یاد کروائے بتائے جائیں۔☆پھر معمول کے مطابق اعلانات میں رُوحانی عِلاج نہ بتایا جائے۔ |
| 6 | اعلانات | 12 منٹ | **"دُعائے صحت اجتماع والے دن کے اعلانات** "معمول کے اعلانات میں ایڈجیسٹ کرتے ہوئے ترکیب بنائی جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) |
| 7 | ذکر، 111 بار یَاسَلَامُ کاورد اور دُعا | 26 منٹ | ☆ذکر کے بعد درج ذیل الفاظ بیان کئے جائیں۔ پیاری اور میٹھی اسلامی بہنو! اب 111 بار "**یَاسَلَامُ کاورد**" کروایا جائے گا<br>جن اسلامی بہنوں کے پاس تسبیح یا کاؤنٹر ہو وہ نکال لیں اور جن کے پاس نہیں وہ ہاتھ اٹھا کر بتا دیں تا کہ ذمہ دار اسلامی بہن آپ تک تسبیح پہنچا دیں لیکن دھیان رکھئے کہ بد نظمی بالکل نہ ہو جنہیں تسبیح نہ مل سکے وہ اپنی انگلیوں پر ہی شمار کر لیں۔<br>☆ تمام اسلامی بہنیں اوّل و آخر 3،3 بار درود شریف کے ساتھ آہستہ آواز میں میرے ساتھ مل کر ایک آواز ہو کر 111 بار **یَاسَلَامُ** اس نیت کے ساتھ پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے اس مبارک نام کی برکت سے ہمارے میٹھے میٹھے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ اور دُنیا میں جہاں کہیں بھی کوئی مسلمان بیمار ہیں ہے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفائے کاملہ عطا فرمائے۔<br>☆"یَاسَلَامُ" 111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ شفا حاصل ہو گی۔"(مَدَنی پنج سورہ ص 247)<br>☆جب تمام اسلامی بہنیں "یَاسَلَامُ" کے ورد سے فارغ ہو جائیں تو پھر دُعا شروع کروائی جائے {ذمّہ دار اسلامی بہن (جو ذکر کے بعد "یَاسَلَامُ" پڑھیں گی) وہ اپنی رفتار کم رکھے تا کہ تمام اسلامی بہنیں پڑھ لیں}<br>دُعا میں "**بیماروں کے لئے دُعائیہ اشعار**" میں سے چند اشعار نثر کی صورت میں حسبِ موقع پڑھے جائیں☆ بہتر ہے کہ جو اشعار پڑھنے ہوں وہ زبانی یاد کر لئے جائیں۔(یاد رہے! اشعار کو مؤنث میں نہیں کر سکتے مِنْ وعَن ہی پڑھے جائیں) (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) |
| | صلوٰۃ وسلام | 04 منٹ | ------- |
| 9 | مجلس کے اختتام کی دُعا | 03 منٹ | |

**مدنی پھول**: ☆اجتماع ذمہ دار زائد تسبیحات / کاؤنٹر اپنے پاس رکھے تا کہ ضرورت پڑنے پر دیئے جا سکیں۔☆بعدِ اجتماع "متفرق رُوحانی عِلاج" کا پیپر تقسیم کیا جائے۔☆"مَدَنی پھول برائے ہفتہ دُعائے صحت" میں خصوصیت کے ساتھ جن کتب ورسائل کا تذکرہ ہے، مذکورہ کتب ورسائل تقسیم کئے جائیں۔☆اگر کوئی بیمار اسلامی بہن بعدِ اجتماع دم کروانے کے لئے کہے تو تعوّذ و تسمیہ کے ساتھ 1 بار **سورۂ فاتحہ** (اگر تجوید درست ہوں تو) پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔

جو بیمار آئے شِفا پا کے جائے — عطا کر دے ایسا دم یا الٰہی!

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# دُعائے صحت اجتماع والے دن کے اعلانات

(1) معمول کے اعلانات میں ایڈجیسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات بیان کئے جائیں۔

پیاری پیاری اور میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! جیسا کہ دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام "**ہفتہ دُعائے صحت**" منایا جارہا ہے اسی سلسلے میں آج خصوصیت کے ساتھ "**دُعائے صحت اجتماع**" میں ہم سب حاضر ہیں۔تو آپ سب سے بھی مَدَنی التجاہے کہ اپنے پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں، جان پہچان والوں میں جو جو بیمار ہوں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ان کی عیادت کیجئے، شفایابی کے لئے دعائیں کیجئے۔

**فرمانِ مُصْطَفٰے** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہے:

* **عُوْدُوا الْمَرِیْضَ یعنی مریض کی عِیادت کرو۔**(الادب المفرد ص137 حدیث518)

* جو شَخْص کسی مریض کی عِیادت کے لئے جاتا ہے تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس پر پَچھتّر ہزار (75000) فِرِشتوں کا سایہ کرتا ہے اور اُس کے ہر قدم اُٹھانے پر اُس کے لئے ایک نیکی لکھتا ہے اور ہر قدم رکھنے پر اُس کا ایک گناہ مٹاتا ہے اور ایک دَرَجہ بُلند فرماتا ہے یہاں تک کہ وہ اپنی جگہ پر بیٹھ جائے، جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو رَحمت اُسے ڈھانپ لیتی ہے اور اپنے گھر واپَس آنے تک رَحمت اُسے ڈھانپے رہے گی۔(مُعْجَم اَوْسَط ج3 ص222 حدیث4396) (نہر کی صدائیں ص19)

آیئے! نیت کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ بیماروں کی عِیادت کر کے خوب خوب اجر وثواب حاصل کریں گے اور یہ نیت بھی کرلیتے ہیں کہ آج اجتماع میں جو بیمار اسلامی بہنیں تشریف لائیں ہیں بعدِ اجتماع ان کی بھی عِیادت کریں گے۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

(2) {جہاں تعویذاتِ عطاریہ کا بستہ لگا ہو صرف وہیں یہ اعلان کیا جائے}۔

☆پیاری اسلامی بہنو! آج دُعائے صحت اجتماع میں خصوصیت کے ساتھ **تعویذاتِ عطاریہ** کا بستہ لگا ہوا ہے۔ آخر میں قطار بنا کر منظّم انداز سے **تعویذاتِ عطاریہ** حاصل فرمائیں۔

(3) پیاری اسلامی بہنوں! آج کے دُعائے صحت اجتماع کے اعتبار سے بیماروں اور بیماریوں کے روحانی علاج اور اورادووظائف سے متعلق کتب ورسائل مکتبۃ المدینہ پر موجود ہیں۔

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! ☆ مَدَنی پنج سورہ ☆گھریلو علاج *نہر کی صدائیں ☆چڑیا اور اندھا سانپ ☆زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆بیمار عابد ☆40 روحانی علاج

☆مینڈک سُوار بچھو ☆یہ وقت بھی گزر جائے گا

(مدینہ! مذکورہ رسائل کی زیارت بھی کروائی جائے اور اس کا ہدیہ بھی بتایا جائے نیز خریدنے کی ترغیب بھی دلائی جائے)

(4) **پیاری اسلامی بہنو! آج چونکہ کثیر اسلامی بہنیں اس دُعائے صحت اجتماع میں موجود ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ میں سے کوئی آج پہلی بار تشریف لائی ہوں آیئے ہم سب نیت کرلیتے ہیں کہ کم از کم 12 ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کریں گے۔۔۔**

اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# بیماروں کے لئے دُعائیہ اشعار

﴿1﴾ رسولِ پاک کی دکھیاری اُمّت پر عنایت کر — مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ

(وسائلِ بخشش ص 99)

﴿2﴾ وہ بیچارے کے بیمار ہیں جو — جن ّو جادو سے بیزار ہیں جو
اپنی رحمت سے اُن کو شفا کی — میرے مولیٰ تو خیرات دیدے
وہ کہ آفات میں مبتلا ہیں — جو گرفتارِ رنج و بلا ہیں
فضل سے اُن کو صبر و رضا کی — میرے مولیٰ تو خیرات دیدے

(وسائلِ بخشش ص 125)

﴿3﴾ دردِ عصیاں مٹا یا الٰہی — دیدے کامل شفا یا الٰہی
تجھ سے بیمار کی التجا ہے — یا خدا تجھ سے میری دُعا ہے
جو ہیں بیمار، صحت کے طالب — اُن پر فرما کرم ربِّ غالب
تجھ سے رحم و کرم کی دُعا ہے — یا خدا تجھ سے میری دُعا ہے

(وسائلِ بخشش ص 136 تا 137)

﴿4﴾ تُو سارے مریضوں کو اللہ شِفا دے — اچھا ہے فقط وہ جو بیمارِ مدینہ ہے

سدا پیر و مرشد رہیں مسکراتے — رضا کا وسیلہ دُعا مانگتا ہوں
کرم مانگتا ہوں شِفا مانگتا ہوں — الٰہی میں تجھ سے دُعا مانگتا ہوں

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# متفرق رُوحانی عِلاج

مَدَنی پھول: قراٰنِ کریم کی سورۃ اور آیات پر مشتمل اوراد وہی اسلامی بہنیں پڑھیں جن کی تجوید درست ہو۔

﴿1﴾ **یرقان کا روحانی عِلاج**: یَاحَسِیْبُ 300 بار پڑھ کر پانی پر دَم کرکے اکیس (21) دن تک پلانے سے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ یرقان سے شِفا حاصل ہو گی۔

## ﴿2﴾ جنات کے اثرات کا روحانی علاج

یااللہُ یاحَیُّ یاقَیُّوْمُ کا آسیب زدہ کثرت سے وِرد کرتا رہے۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

## ﴿3﴾ فالج و لقوہ کا روحانی علاج

لَآاِلٰہَ اِلَّااللہُ 11 بار نئی رکابی پر لکھ کر پینے سے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ لقوے سے نجات ملے۔

☆ یا اللہُ 100 بار سوتے وقت پڑھنے سے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ شیاطین کی شرارت نیز فالج اور لقوے کی آفت سے حفاظت ہو گی۔

## ﴿4﴾ کینسر کا روحانی علاج

سات دن تک روزانہ باوضو یَارَقِیْبُ 100 بار (اوّل و آخر 11 بار درود شریف) پڑھ کر کینسر کے مریض پر دم کیجئے اگر زخم ہو تو اس پر بھی دم کیجئے اگر کینسر کا زخم جسم کے اندرونی حصّے یا پردے کی جگہ ہو تو زخم کی جگہ پر کپڑے کے اوپر دم کر دیجئے۔ اگر جسم کے باہر زخم ہے تو سرسوں کے تیل پر بھی دم کر دیجئے اور وہ تیل مریض زخم پر لگاتا رہے۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ زخم صحیح ہو جائے گا اور کینسر دور ہو گا۔

## ﴿5﴾ اپنڈکس کا روحانی علاج

آیۃ الکرسی 11 بار یا عَظِیْمُ 7 بار (اوّل و آخر 3 بار درود شریف) پڑھ کر ایک چٹکی نمک پر دم کرکے اس کو پانی میں ڈال کر پی لیجئے۔ یہ عمل دن میں 3 بار کیجئے۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ اپنڈکس ختم ہو جائے گا۔

## ﴿6﴾ کمر کے دَرْد کا رُوحانی علاج

فَجر کی سُنّتوں اور فَرض کے درمیان ہر بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے ساتھ 41 بار سُوْرَۃُ الْفاتِحَہ پڑھئے (مدت: تا حُصُولِ شِفا) ایک صاحب کا کہنا ہے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے یہ روحانی علاج کیا تو میری کمر کا دَرْد چلا گیا۔"

## ﴿7﴾ آدھے اور پورے سر کے دَرْد کا رُوحانی علاج

یَاسَلَامُ 11 بار پڑھ کر دَم کیجئے، 3 یا 7 یا 11 بار اسی طرح پڑھ کر دَم کیجئے۔اِنْ شَآءَاللہ تَعَالٰی 11 بار کی تعداد پوری ہونے سے قَبْل ہی آدھے سر کا دَرْد کافُور (یعنی دُور) ہو جائے گا، یہ عمل پورے سر کے دَرْد کے لئے بھی اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ مفید ہے۔

www.dawateislami.net